بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

جامعہ پنجاب کی صد سالہ تقریبات کے سلسلے میں خصوصی شمارے کے بعد مجلۂ تحقیق کا عام شمارہ پیش خدمت ہے۔ اس شمارے میں پروفیسر ڈاکٹر سید محمد اکرم کی تخلیقی کاوش ''پند پندر'' (فارسی نظم) کے علاوہ حصہ اُردو و انگریزی میں دو دو مقالات مختلف اہم موضوعات پر شامل ہیں۔ تین مضامین (دو اردو، ایک انگریزی) شعبۂ اقبالیات جامعہ پنجاب کی شائع کردہ کتب بسلسلہ صد سالہ تقریبات اقبال پر بصورت تبصرہ ہیں۔ اُمید ہے قارئین کرام ان مقالات اور مضامین کو معلومات افزا پائیں گے۔

سانحۂ ارتحال

شعبہ فارسی جامعہ پنجاب کے پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد بشیر حسین تین ماہ کی شدید علالت کے بعد ۲۱ جولائی بروز جمعرات اپنے خالق حقیقی اور رفیق اعلیٰ کے حضور پہنچ گئے۔

ہم اپنے محترم رفیق اور شفیق استاد کی وفات پر گہرے رنج و الم کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا کریں اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

مجلۂ تحقیق کے آئندہ شمارے کا ایک حصہ مرحوم پروفیسر میاں محمد بشیر حسین کی علمی و ادبی خدمات کے بارے میں وقف کیا جائے گا۔ انشاء اللہ!